محمد ارشد عثمان

# ''تاریخ سیتاپور'' از، سید محمد اکبر عادل سیتاپوری

اس مقالے کا مقصد سید محمد اکبر عادل سیتاپوری (۱۹۰۲ء۔۱۹۶۳ء) کی تالیف ''تاریخ سیتاپور'' کے تین جلدوں پر مشتمل قلمی نسخے کا تعارف پیش کرنا ہے۔

سیتاپور، متحدہ ہندوستان کا وہ قدیم اور تاریخی شہر ہے جو اپنے دیومالائی اور تاریخی پس منظر کی وجہ سے مشہور ہے۔ سیتاپور دور قدیم، وسط اور جدید تاریخ سے مالا مال ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں رام کی بیوی سیتا نے قیام کیا تھا اور انھی کے نام پر اس علاقے کا نام سیتاپور پڑا۔۱ عہد برطانیہ میں اس کا کل رقبہ ۲۲۵ مربع میل تھا۔ ۱۸۵۶ء میں ریاست اودھ کے الحاق کے وقت یہ ایک چھوٹا سا قصبہ تھا۔ جو بہ تدریج ترقی کرتا رہا۔ ۱۸۶۹ء میں اس کی آبادی ۵۷۸۰ نفوس پر مشتمل تھی جو ۱۹۰۱ء میں ۲۲۵۵۷ تک پہنچ گئی ضلع کی کل آبادی کا تناسب ۹۶ فی صد دیہی اور صرف چار فیصد شہری پر مشتمل تھا۔ مجموعی طور پر ۲۸ قصبات واقع تھے جن کی مجموعی آبادی ۱۳ فی صد تھی۔ اسی تناسب سے مسلمانوں کی آبادی تقریباً نصف تھی۔ ۲

سیتاپور، قدیم دور سے ہی علوم وفنون کا مرکز رہا ہے آج بھی سیتاپور میں قدیم تاریخی عمارات کے آثار موجود ہیں، جب کہ علم وادب سے تعلق رکھنے والی بے شمار ہستیوں نے یہیں جنم لیا جنھوں نے اپنے علم وفن سے کارہائے نمایاں سرانجام دے۔ لیکن آج یہ کارہائے نمایاں، اور علمی وادبی شخصیات اوراق گم شدہ ہوگئی ہیں اور سیتاپور ایک ایسا گم شدہ جزیرہ بن چکا ہے۔ جس کا شان دار ماضی اور اس ماضی کے لوگ اب قصہ پارینہ ہو چکے ہیں۔ سیتاپور کے فن وثقافت پر بہت کم لکھا گیا ہے۔ اسی طرح سیتاپور کا علمی خزانہ بھی بہت کم دنیا کے سامنے آیا ہے۔

سیتاپور، کی محققانہ تاریخ کی جمع آوری کی تحریک، انگریزوں کے دور میں شروع کی گئی اور اس کا آغاز گزیٹروں کی ترتیب سے شروع ہوا۔ ان گزٹیر وں میں کہیں تفصیل سے اور کہیں مختصر معلومات ہیں۔ جب کہ سیتاپور کی بعض مقامی حکومت کی سرکاری ویب سائٹ ۳ پر بھی کافی تفصیل موجود ہے۔

سیتاپور سے متعلق نادم سیتاپوری ۴ کی تصانیف اور مضامین بھی اپنی جگہ اہمیت کے حامل ہیں۔ انھوں نے اپنی کتب ''فورٹ ولیم کالج اور مولوی اکرام علی'' ۵ ''انتخاب فتنہ'' ۶ میں بعض مقامات پر سیتاپور کی

تاریخ کے اوراق کی منظر کشی بھی کی ہے اور اہم تاریخی حقائق بھی بیان کیے ہیں جب کہ ناؔدم کے تحریر کردہ مقالات ''غالب اور فضل حق خیر آبادی'' ۷ ''غالب کا ایک چہیتا شاگرد'' ۸ ''غالب کی باقیات الصالحات'' ۹ ''غالب کا ایک گمنام شاگرد'' ۱۰ ''ایک قلمی رونامچہ'' ۱۱ ''ریاض خیر آبادی کی ایک غیر معروف نظم'' ۱۲ ''ایک دل چسپ دستاویز'' ۱۳ ''غالب اور ریاض خیر آبادی'' ۱۴ ''مومن کے پسماندگان'' ۱۵ ''مرزا دبیر سیتاپور میں'' ۱۶ ''نامی سیتاپوری'' ۱۷ میں بھی سیتاپور کی تاریخ کے بعض گوشوں کو نمایاں کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ نادم کا ایک مضمون ''سیتاپور کے کتب خانے'' بھی اہمیت کا حامل ہے جو ''العلم'' کراچی'' کے جولائی ۱۹۶۹ء کے شمارے میں شایع ہوا تھا۔

تاریخ سیتاپور کے دیگر ماخذ میں، سید ظہور الحسن فروغ سیتاپوری کی تالیف، ''شجراتِ طیبات'' ۱۸ جو سیتاپور کے مسلمان خاندانوں کی معلومات پر مبنی ہے۔حکیم محمد بہاء الدین گوپاموی کا تذکرہ، ''سیر العلماء :علمائے ضلع سیتاپور کے مختصر حالات'' ۱۹ ۔قاضی سید الیاس حسین کی تصنیف ''تذکرہ علمائے سیتاپور'' ۲۰ اہمیت کی حامل ہیں۔

سید محمد اکبر عادل سیتاپوری نے اپنی غیر مطبوعہ کتاب ''تاریخ سیتاپور'' میں کچھ اور تصانیف کا بھی ذکر کیا ہے۔جو قلمی تھیں اور اب تک طبع نہ ہوسکیں۔ان کتب میں پہلی ''تاریخ سیتاپور'' ہے جو مولوی سید اکبر علی نے تحریر کی تھی۔اس کتاب میں کافی تفصیل سے سیتاپور کی تاریخ اور معاشرتی زندگی کو پیش کیا گیا ہے۔جب کہ دوسری کتاب، قاضی سید محمد رضا سیتاپوری کی ''سیتاپور کے نسب نامے'' کے عنوان سے ہے۔یہ سیتاپور سے تعلق رکھنے والے خاندانوں کے شجرات اور اہم تاریخی واقعات پر مشتمل ہے۔تیسری ''تذکرہ علماء ومشائخ لاہرپور'' ہے، جو شہر الحسن لاہرپوری کی تصنیف ہے۔جس میں لاہرپور سے تعلق رکھنے والے علماء ومشائخ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ۲۱

سیتاپور کی تاریخ پر لکھی جانے والی اہم ایک اور تاریخی کتاب ''تاریخ سیتاپور'' ہے جو سید محمد اکبر عادل سیتاپوری نے تحریر کی تھی لیکن غیر مطبوعہ رہی۔عادؔل سیتاپوری کے انتقال کے بعد ان کے بھائی نادم سیتاپوری نے اس غیر مطبوعہ کتاب کا قلمی نسخہ حاصل کیا اور اب یہ اُن کے ذاتی ذخیرے میں ہے۔نادم کا یہ علمی ذخیرہ ان کے صاحب زادے پروفیسر ڈاکٹر عابد اظہر، (جامعہ کراچی سے منسلک ہیں) کے پاس محفوظ ہے جنھوں نے یہ نسخہ راقم الحروف کو مرحمت فرمایا اور اب اس کا تفصیلی تعارف پیش کیا جاتا لیکن اس سے قبل مناسب ہوگا کہ احوال سیّد محمد اکبر عادل سیتاپوری پیش کیا جائے۔

تین جلدوں پر مشتمل یہ کتاب سیتاپور کی اہم ادبی وثقافتی تاریخ کے علاوہ سیتاپور سے تعلق رکھنے والی

شخصیات کا ایسا مکمل تذکرہ ہے جس میں علمی و ادبی شخصیات اور ان کے کارناموں کو پیش کیا گیا ہے۔اس کی پہلی جلد تو سیتاپور کی تاریخ کو بیان کرتی ہے ۔لیکن دوسری اور تیسری جلد درحقیقت تذکرہ ہے ۔پہلی جلد ۳۱۴ صفحات پر مشتمل ہے جب کہ دوسری جلد ۴۵۴ صفحات پر مشتمل ہے تیسری جلد ۱۵۰ صفحات پر مشتمل ہے اوراق کی جسامت ۲۲×۱۶ ہے ۔کاغذ زردی مائل ہے۔ جب کہ سیاہ اور نیلی روشنائی استعمال کی گئی ہے۔ عادلؔ کا خط شستہ اور صاف ہے، عبارت میں بہت کم ایسے الفاظ ہیں جو سمجھ میں نہ آسکیں ۔اگر چہ تینوں جلدیں بوسیدگی کے درجہ تک پہنچ چکی ہیں لیکن نادمؔ سیتاپوری اور ان کے صاحبزادے ،ڈاکٹر عابد اظہر صاحب نے ان جلدوں کو بڑی حفاظت سے رکھا ہوا ہے۔

**احوال سید محمد اکبر عادلؔ سیتاپوری:۔**

سید محمد اکبر عادل سیتاپوری ، ساداتِ سیتاپور کے قابلِ ذکر خاندان سے تعلق رکھتے ہیں سلسلۂ نسب آٹھویں امام ،حضرت امام رضا سے ملتا ہے، عادلؔ اُس قابلِ ذکر گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں جس کے فرزندوں نے سیتاپور کا نام اپنے علمی و ادبی کارناموں سے روشن کیا ، یہی وہ گھرانہ ہے جس کے ایک فرزند ''زائرؔ سیتاپوری'' کہلائے اور دوسرے ''نادمؔ سیتاپوری''،سید محمد اطہر زائرؔ سیتاپوری نے جدید مرثیہ نگاری کے فروغ میں نمایاں خدمات سرانجام دیں اور سید محمد اظہر نادمؔ سیتاپوری محقق،صحافی اور ادیب کے طور پر پہچانے گئے۔ جب کہ اس گھرانے کے سب سے چھوٹے فرزند سید محمد حیدر بھی مختلف اخبارات ورسائل سے وابستہ رہے۔سید محمد اکبر عادلؔ سیتاپوری کی ولادت ۱۹۰۲ء کی ہے۔ عادلؔ لکھتے ہیں کہ:

> میری ولادت اپنے نانا میر ناظر حسین مرحوم وکیل کی وفات کے تیرہویں دن ہوئی تھی چناں چہ اس حساب سے میری ولادت ،۲۶ ربیع الثانی ۱۳۲۰ھ، مطابق ۲ اگست ۱۹۰۲ء ہوتی ہے۔[۲۲]

عادلؔ کا غالباً ابتداءِ عمر سے ہی کتاب قلم سے تعلق قائم ہو گیا تھا۔ ریاست محمود آباد کے محافظہ دفتری سے وابستہ رہے۔ آٹھ برس تک ریاست جلی پور کے منیجر رہے[۲۳] سیتاپور کی ڈسٹرکٹ گزیٹیر کمیٹی کے ممبر رہے جس کے لیے انھوں نے ۶۳ صفحات پر مشتمل نوٹس بھی تحریر کیے پیشہ ورانہ مصروفیات اور ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ تصنیف وتالیف کا کام ہمیشہ کرتے رہے۔ عادلؔ لکھتے ہیں کہ:۔

> میں نے اپنی شاعری میں زیادہ تر نوحہ جات کہے ہیں ۔غزل برائے نام ہی ہے۔ ''مدح واذکار محمد ﷺ وآل محمد ﷺ'' ہی پسندیدہ رہے۔ نثر نگاری پر توجہ رہی لیکن وہ ایسی کہ مضامین جو لکھے وہ زیادہ تر ذکر امام حسین علیہ السلام سے متعلق تھے۔۔۔اب جو تاریخ سیتاپور پر توجہ ہوئی ہے تو اس میں یہ اہتمام مدنظر ہے کہ ضروری شعبہ جات زندگی اور علمی و ادبی اس تاریخ کا جز ہو جو مفید ضرور ہو گا حالانکہ میں اپنی عدیم الفرصتی سے جو ریاست محمود آباد کی محافظہ دفتری سے ہے حسب دل خواہ کچھ نہ

کر سکا۔ تاہم جو ہو سکے گا کرتا رہوں گا خداوند عالم مدد کرے گا۔ اب تو کافی کتابیں ہوگئی ہیں۔ لیکن ان کی طباعت ہی کی کوئی سبیل ہے اور نہ مجھے فرصت ہے کہ کوشش کروں، طباعت کی فکر کروں۔ میرے کلام میں کوئی خاص بات نہیں نوحہ جات کا مجموعہ ضرور ہوگیا ہے اور ایک مرثیہ چھوٹا سا ہے جس کو میں نے اپنے کشکول میں لکھ دیا ہے۔ میری شاعری ثواب کی خاطر ہے صرف چند شعر تحریر کیے جاتے ہیں۔[۲۳]

**نمونۂ کلام:۔**

| | |
|---|---|
| اللہ کی راہ میں اگر ہوش رہے | بن جاتے ہیں کام اگر نہ جوش رہے |
| سائل کی صدا یہ ہے اذاں کی مانند | گر بھیک نہ دے تو خاموش رہے |
| یاد کرتا ہوں کبھی جب جوش الفت میں اسے | اشک گر پڑتے ہیں .... انتہائے ہوش میں |
| تم کو لیکن ہوش عادلؔ آج تک آیا نہیں | کب تلک آؤ گے بتلاؤ تو اپنے ہوش میں |
| زیست کا جس پر تھا تکیہ وہ سہارا لے لیا | باتوں باتوں، ہائے دیکھو دل ہمارا لے لیا |
| فلک سے خاک کی جانب ہے کس نے کھینچ لیا | قوی ہے برق کی قوت کہ آشیانے کی |

اب ۵۰ء سے کچھ زیادہ توجہ ہوئی تو افکار عادلؔ کے نام سے طبع آزمائی کا شوق ہوا اور سہل و سخت قافیوں میں کہنا شروع کیا جو مختصر سا مجموعہ ہوگیا ہے، 'افکار عادل' میں کافی کلام ہے۔[۲۴]

اگرچہ عادل کا سب سے بڑا کارنامہ ''تاریخ سیتاپور'' ہے لیکن حقیقت میں کثیر التصانیف تھے انھوں نے ''تاریخ سیتاپور'' میں اپنی کتب و تصانیف اور تالیفات کی ایک طویل فہرست درج کی ہے جو درج ذیل ہے۔

۱۔ حسینی دنیا، مطبوعہ نظامی پریس لکھنؤ ۱۹۴۲ء
۲۔ حسینی دنیا (حصہ دوم) غیر مطبوعہ
۳۔ حسینی دنیا (حصہ سوم) غیر مطبوعہ
۴۔ محمدی دنیا، مطبوعہ شاہی پریس لکھنؤ
۵۔ گلدستہ دینیات، مطبوعہ نظامی پریس لکھنؤ
۶۔ گلدستہ دینیات (حصہ دوم) غیر مطبوعہ
۷۔ ہندو مسلم اتحاد اور سب سے بڑی گئو رکھشا، مطبوعہ
۸۔ حقیقت دنیا سے متعلق اقوال علویہ، غیر مطبوعہ
۹۔ حالات چہاردہ معصومین، غیر مطبوعہ
۱۰۔ حکومت علویہ کا نظام، غیر مطبوعہ
۱۱۔ سردار دنیا، غیر مطبوعہ
۱۲۔ تاریخ گریہ و ماتم، غیر مطبوعہ
۱۳۔ تاریخ گریہ و ماتم، غیر مطبوعہ
۱۴۔ اذکار انیس، غیر مطبوعہ
۱۴۔ آئمہ کی تعلیم توحید، غیر مطبوعہ
۱۵۔ حقائق واقعہ کربلا، غیر مطبوعہ
۱۶۔ یزیدی دنیا، غیر مطبوعہ
۱۷۔ ہمارے مطبوعہ مضامین، مطبوعہ

۱۸۔تخیلات پاشان، غیر مطبوعہ	۱۹۔رسول اسلام غیروں کی نظر میں، غیر مطبوعہ
۲۰۔حیات جناب فضہ	۲۱۔اسلام دین صلح وسلامتی ہے
۲۲۔متعلقہ جناب فضہ (نوٹس واقتباسات)	۲۳۔اذکارِ حسینی
۲۴۔افکار عادل (گلشن افکار)	۲۵۔مرثیہ، غیر مطبوعہ
۲۶۔تاریخ سیتاپور معہ مقدمہ وضمیمہ	۲۷۔تاریخ سیتاپور (اودھ)
۲۸۔حالاتِ خودنوشت	۲۹۔آئینہ آیت نور
۳۰۔گلدستہ نسوان المعروف تحفۂ نسواں	۳۱۔ہند کی یادگاریں
۳۲۔ہماراہند اور اسکے قدیم حقائق
۳۳۔کائنات میں رہبر کامل کا انتظار، مطبوعہ پیام اسلام، ۱۹۵۳ء
۳۴۔ہندو اور ہندوستان سے متعلق نوٹس	۳۵۔ہندوانہ تخیل خدا وتذکرہ نور محمدی
۳۶۔اسلامی ہندو اور ہندوانہ مسلمان	۳۷۔مفید المومنین
۳۸۔موازنہ زن وشو	۳۹۔رسالہ ریش
۴۰۔بیاض نوحہ جات	۴۱۔پانی
۴۲۔تذکرہ ارباب کمال مصور	۴۳۔گلشن افکار
۴۴۔جناب ابوطالب، مطبوعہ پیام اسلام لکھنو، ۷۴ھ	۴۵۔معیار تصوف
۴۶۔ضلع سیتاپور کی عزاداری اور اس کے عملی مظاہرے اور تاثرات تاریخی
۴۷۔سیتاپور گزیٹیر کے لئے نوٹس
۴۸۔تاریخ سیتاپور کا باب علمائے اعلام اور صوفیائے کرام	۴۹۔مرثیہ
۵۰۔گلدستہ	۵۱۔گلدستۂ عقیدت، مطبوعہ جولائی ۱۹۶۰ء کراچی
۵۲۔حضرت ابوطالب، مطبوعہ، سرفراز لکھنؤ ۸۱ ہجری

پیش نظر فہرست سے اندازہ ہوتا ہے کہ عادل نے نظم ونثر دونوں میدانوں میں تصانیف یادگار چھوڑیں لیکن ''تاریخ سیتاپور'' کے علاوہ ان میں سے کوئی بھی آج ہمارے سامنے موجود نہیں ہے۔

عادل کا انتقال، ۲۵۔جون ۱۹۶۳ء کو ہوا۔ نادم نے شجرات طیبات ۲۵ کے ابتدائی صفحات پر تحریر کیا ہے۔

''آج ۲۵ جون ۱۹۶۳ء یوم سہ شنبہ مطابق ۲ صفر ۱۳۸۳ھ کو برادرم محترم سید محمد اکبر صاحب بن سید مقبل

حسین صاحب نے چند ماہ علیل رہ کر بہ مقام سیتاپور سوا چار بجے سہ پہر کو انتقال کیا۔ کربلائے حاجی صاحب مرحوم میں والد مغفور کے قریب دفن کیے گئے''۔

**تاریخ سیتاپور: ''جلد اول''**

سید محمد اکبر عادلؔ سیتاپوری کی سب سے اہم کتاب ''تاریخ سیتاپور'' ہے جو ۱۳۶۸ ہجری بمطابق ۱۹۴۹ء میں تحریر کی گئی تھی۔ کتاب کے مندرجات سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کے لکھنے کی ابتدا تو ۱۹۴۹ء میں ہوئی تھی لیکن یہ ۱۹۵۴ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچی، کتاب تین جلدوں پر مشتمل ہے جلد اول کے صفحہ اول پر عادلؔ کی قلمی تصویر ہے جس کے نیچے ''تاریخ سیتاپور (اودھ) حصہ اول'' درج ہے اور اس کے نیچے قطعہ تاریخ سیتاپور درج ہے۔

نہیں ایسی کوئی تاریخ دیکھی — کروں عادل میں کیا تعریف اس کی
عجب تاریخ سیتا پور لکھی — تھا ہجری سال آڑسٹھ اسکا پہلا

سنہ ۱۳۶۸ ہجری، مطابق ۱۹۴۹ء — از عادل سیتاپوری

دوسرے صفحہ پر سیتاپور کا قلمی نقشہ دیا گیا ہے اس کے بعد مقدّمہ تاریخ کے عنوان سے سیتاپور کی مختصر تاریخ بیان کی گئی ہے جس میں سیتاپور کے جغرافیائی خدوخال، موسم، فصلوں کا احوال، تاریخی عمارات کی تفصیل، سیتاپور کی قدیم تاریخ، مسلم اور غیر مسلم نام ور شخصیات کا ذکر، سیاسی، معاشی و معاشرتی حالات کا ذکر اور، مذہبی روایات کے بارے میں مفید معلومات اجمالی طور پر موجود ہیں۔

**باب تاریخ سیتاپور:۔**

''تاریخ سیتاپور'' کا یہ پہلا باب ہے جس میں عادل نے سیتاپور کے جغرافیائی خدوخال تفصیل سے بیان کیے ہیں۔ سیتاپور کے نام کی وجہ تسمیہ، سیتاپور کے محلے، مشہور واقعات، بازار، عمارات، سڑکوں کی تفصیل اور مدارس اور اسکولوں کے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کی ہیں۔ اس باب میں ہرگام، کمال پور، کٹشیر، خیرآباد، لہرپور، نبی نگر، پرسنیڈی، پیرنگر، رام کوٹ اور تال گاؤں کی بابت بھی اہم معلومات شامل ہیں۔

**تاریخ تعمیر مساجد سیتاپور خاص:۔**

اس حصے میں سیتاپور کی مساجد اور امام بارگاہوں کی فہرست اور ان سے متعلق اہم معلومات درج کی گئی ہیں۔ اسی کے ساتھ ساتھ مساجد اور امام بارگاہوں کی ملکیت کی وجہ سے ہونے والے فسادات کا پس منظر بھی بیان کیا گیا ہے۔ اور ہندو مسلم مناقشت کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ علاوہ ازیں سیتاپور کے اسکولوں، ہسپتالوں،

تھانوں، اخبارات، انجمنوں، مشہور خاندانوں، اور مشہور اشیاء کی فہرست سمیت بہ کثرت معلومات موجود ہیں۔

**سیتاپور کے امام باڑے:۔**

اس حصے میں عادلؔ نے ۱۳۷۳ہجری، بمطابق ۱۹۵۴ء تک کے امام باڑوں سے متعلق معلومات مہیا کی ہیں۔ اور امام باڑوں کی تصاویر بھی چسپاں کی ہیں ساتھ ہی مجالس عزاء، ذاکر اور مرثیہ خوانوں کی تصاویر اور مختصر معلومات فراہم کی ہیں۔

**مجالس و اوقاف سیتاپور:۔**

ابتداء میں عادلؔ نے سیتاپور میں عشرہ محرم اور دیگر اوقات میں منعقد کی جانے والی مجالس اور جلوسوں کی تفصیل فراہم کی ہے۔ اس کے بعد ۱۹۳۹ء میں مدح صحابہ پر شروع ہونے والے اے جی ٹیشن کا تفصیل سے ذکر کیا ہے جس کے دوران نادمؔ نے گرفتاری پیش کی تھی جو اس وقت سیتاپور میں کانگریس کے وائس پریزیڈنٹ تھے۔ اس گرفتاری کی تصویر بھی عادلؔ نے چسپاں کی ہے۔ اس کے علاوہ سیتاپور اور ملحقہ علاقوں میں موجود مسلمانوں کے مختلف اوقاف کی تفصیل دی گئی ہے۔ آخر میں سیتاپور میں نکلنے والے تعزیوں کی تفصیل ہے۔ علاوہ ازیں سیتاپور کے پلوں، دریاؤں اور سینما گھروں کا اجمالی ذکر بھی اس باب میں شامل ہے۔

**تحصیل سدھولی:۔**

سدھولی میں شامل علاقوں، موضع بنڈیہ، باڑی، صدر پور، موضع شیخ پور متصل صدر پور، منوان، پیتے پور، رام پور متھرا، بانسرہ، کونڈری، اٹریا، ریاست نیل گاؤں اور اٹریا کے ملحقات، تاریخی حالات، عزاداری، مشہور علمی و ادبی شخصیات، صنعت و حرفت، تجارت، تاریخ عمارات، ہندی شاعر نروتم داس، راجہ محمد کاظم حسین خان، مشہور واقعات، اور دیگر اہم معلومات درج کی ہیں۔

**مختصر حالات محمود آباد و تذکرہ والیان ریاست:۔**

ریاست محمود آباد سے متعلق تفصیلی پیش کی گئی ہیں۔ مثلاً ریاست کی ابتداء، والیان ریاست کے تفصیلی حالات، محمود آباد کے اہم اور مشہور واقعات، والیان ریاست سے متعلق دیگر شخصیات کے تاثرات، اہم عمارات، تحریک پاکستان میں والیان ریاست کا کردار، والیان ریاست کی علمی و ادبی خدمات، تعلیم و تربیت، اہم عمارات، مسند نشینی کی تقریبات، کتب خانوں، سیاسی حالات، مدارس و تربیت گاہوں، اہم

تعمیرات، محمود آباد کی آبادی، مقدس مقامات، امام باڑوں، عزاداری، مجالس، محمود آباد کی انجمنوں، مساجد محمود آباد، مشہور اشیاء، محمود آباد کے ملحقہ علاقہ جات میں عزاداری کی تفصیل، محمود آباد کے قصبہ گواور تاریخی یادگار وغیرہ۔

**تحصیل بسوان:۔**

بسوان خاص، جہانگیر آباد، مہراجنگر، کونڈری شمالی، ملان پور، سیوتہ، تمبوراور تھان گاؤں کے متعلق تفصیلی معلومات مہیا کی گئی ہیں۔اہم مذہبی مقامات، عزاداری، مجالس، تعزیوں، مذہبی اجتماعات، تاریخی عمارات، اور آبادی سے متعلق تفصیلات اس باب کا حصہ ہیں۔

**تحصیل مصرکھ:۔**

مصرکھ خاص، آنٹ، اورنگ آباد، قطب نگر، نیم کھار، مہولی، مچھر ہٹہ، بڑا گاؤں، چندرا، گندلامئو، کوروناا ور بہیٹ سے متعلق تاریخی، جغرافیائی، مذہبی، اور سیاسی معلومات پیش کی گئی ہیں۔ مزارات، اہم مذہبی اجتماعات، تعزیوں، قدیم ہندی تاریخ سے معلومات، تاریخی مقامات، ہندوؤں کے مقدس مقامات، عزاداری، اہم خاندانوں، اور آبادی سے متعلق اہم معلومات ہیں۔

**جلددوم ''باب مصنفین ومولفین سیتاپور:۔**

''تاریخ سیتاپور'' کی دوسری جلد میں سیتاپور سے تعلق رکھنے والے مصنفین اور مولفین کی تصانیف اور تالیفات کی فہرست دی گئی ہے۔ عادلؔ نے ہر مصنف کا پورا نام، تصانیف و تالیفات کی فہرست تعارف تحریر کی ہے۔اس طرح یہ جلد سیتاپور کے مصنفین ومولفین کا تذکرہ بن گئی ہے۔ عادلؔ نے اکثر مصنفین اور مولفین کی تصاویر بھی چسپاں کی ہیں جس کی وجہ سے ان گم گشتہ ہستیوں کے چہرے بھی ہمارے سامنے آگئے ہیں جن کے نقوش شائد اب کہیں نہ ملیں۔عادلؔ نے ابتدا میں لکھا ہے۔

> ''تاریخ سیتاپور'' کا یہ باب خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر اس لیے اور بھی ہے کہ مصنفین ومولفین کے طبائع کا اس سے بہ خوبی جائزہ لیا جاسکتا ہے کہ یہاں کے حضرات کا کیا مذاق اور ان کے طبائع کن کن موضوعات سے متاثر ہوئے ہیں اور ان کا کیا مذاق تھا۔ان کی طبیعتوں کی جولانی کس حد تک تھی اور کیا کیا تصنیفات انھوں نے چھوڑی ہیں۔اس میں شک نہیں ہے کہ آج وہ سب تصنیفات و تالیفات ہمارے سامنے نہیں ہیں لیکن پھر بھی ہمارے سامنے ایک یادداشت ضرور ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس ضلع کے حضرات نے ہر قسم کی فکریں کی ہیں اور ایک ذخیرہ ایسا چھوڑ گئے ہیں جو ان کی طبع آزمائی پر شاہد ہیں۔۰۰۰اس میں شک نہیں کہ میں نے جو فکر، فہرست کتب کے بنانے کی

کی وہ میری عدیم الفرصتی اور ملازمت ریاست کے باعث ناتمام ہے مگر جہاں تک اس نقش کی ابتدا کا تعلق ہے، کافی مواد فراہم ہوگیا ہے اور ایک اچھی خاصی فہرست مرتب ہوگئی ہے...

**تصنیفات وتالیفات حضرات سیتاپور:۔**

اس حصے میں سیتاپور کے مصنفین اور مولفین کی فہرست شامل کی ہے، ساتھ ہی ان کی تالیفات و تصنیفات کی فہرست مختصر تعارف کے ساتھ درج کی ہے۔جس میں سیتاپور کے اہلِ علم کا تذکرہ بیان کیا گیا ان ناموں کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔(ہر نام کے ساتھ سیتاپوری لکھا ہے)

| | | |
|---|---|---|
| قاضی سید عبداللہ | قاضی سید اسداللہ | قاضی سید محمد تقی |
| منشی شیخ علی محمد | مولوی نثار حسین (زائر) | مولوی افضال حسین |
| محمد افضل فارغ | سید محمد نذیر آزاد | سید محمد احمد حریق |
| قاضی سید محمد حیدر | سید ناظر حسین وکیل | سید نوروز علی عاشق |
| سید نظیر احمد شوق | سید محمد صفدر آہ | سید ظفر عباس خاور |
| سید حیدر عباس شوق | پروفیسر آغا اشہر لکھنوی | سید مقبل حسین مقبل |
| محترمہ کنیز فاطمہ | ڈاکٹر سید محمد اظہر نادم | مولوی قاضی الطاف حسین |
| مولوی اکرام علی | شیخ علی رضا رضا | منشی علی محمد نظم |
| سید کاظم حسین وفا | حکیم افتخار حسین طالب | مولوی سید اکبر علی نقوی |
| مولوی سید قہر علی | قاضی سید محمد رضا | حکیم مہدی حسن |
| قاضی سید محمد وصی وصی | مولوی کرامت علی احقر | مولوی ہادی حسن |
| حکیم ظہور الحسن | حکیم سید ظہور الحسن فروغ | مرزا عظمت اللہ بیگ |
| منشی نیاز احمد نامی جعفری | سید یاور حسین جعفری | قاضی ابرار حسین |
| سید اسحاق حسین | سید فرزند حسین | قاضی سید محمد تقی عاتف |
| سید احمد حسن ہاتف | سید محمد اطہر زائر | سید محمد ذاکر فائق |
| سید محمد صابر بیدل | سید حیدر عباس | ماسٹر سید ریاست حسین جعفری |
| سید محمد وجیہہ | سید نقی حسن فراغ | شیخ رحم علی |
| قاضی سید محمد کاظم | ماسٹر سید رضی احمد | سید عسکری حسن فرخ |
| منشی شیخ حسن رضا ادیب | سید محمد اکبر رضوی عادل | سید احمد رضا یاس |

| | | |
|---|---|---|
| مسماۃ عباسی بیگم سیدہ | سید شفیع الحسن شفیع | میر انعام حسین جعفری |
| ہما بیگم | ماسٹر سید امیر احمد | قاضی محمد محسن وفا |
| ابوالحسن نعمی | مولوی محمد نعیم | سید وزیر الحسن وزیر |
| مولوی ہادی علی خان | ماسٹر محمد اسحاق | الیاس سیتاپوری |
| سید جرار حسین جعفری | ڈاکٹر ماسٹر تلمیذ حسین تلمیذ | مولوی امتیاز علی محزون |
| سید اسحاق حسین صاحب وکیل | میر ولایت حسین دانا | مولوی سلامت علی |
| مولوی نجابت علی | ماسٹر سید تہذیب الحسن | مرزا عباس بیگ حنفی |
| سید احمد حسین احمد | اچاریہ نرندیو | پروفیسر سید محمد ہادی |
| سید محمد احمد عرف مولوی میاں | مولوی سید حسن جعفر | سید شوکت حسین جعفری |
| بابو شیام سندلال برق | منشی جوالا پرشاد برق | سید محمد جعفر وکیل جعفر |
| سید محمد صادق | سید آل عبا | قاضی سید محمد تقی |
| ڈاکٹر نول بہاری لال مصرا | پنڈت لال بہاری مصرا | منشی اودھ بہاری لال ثمر |
| پنڈت نند کشور مصرا | پنڈت جگل کشور مصرا | کرش بہاری مصرا |
| بابو بدری پرشاد | ماسٹر عطاالرحمان رند | ڈاکٹر مشتاق حسین |
| افتخار حسین خلف جرار حسین | سید محمد حیدر خلف سید مقبل حسین | سید محمد صادق |
| بابو چھیل بہاری لال | حکیم مفتی اولاد علی جریح | حاجی سید محمد اشرف نقوی |
| مولوی ہادی علی خان عالمگیر | شری دوار کا پرشاد اگھوتری | مولوی محمد اکرام |
| قاضی الیاس حسین جعفری | منشی شریف احمد | |

**مصنفین و مولفین خیر آباد:۔**

اس عنوان کے تحت خیر آباد سے تعلق رکھنے والے اہل علم اور ان کی کتب کی فہرست، مختصر تعارف کے ساتھ پیش کی گئی ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے۔(ہر نام کے ساتھ خیر آبادی لکھا گیا ہے۔)

| | | |
|---|---|---|
| مولوی فضل امام خیر آبادی فاروقی | علامہ فضل حق خیر آبادی | علامہ سید عبدالواجد |
| علامہ امام العلم | حکیم الحکماء مشرف حسین | علامہ شیخ سعد الدین |
| شمس العلماء علامہ عبدالحق فلسفی | ماسٹر سید قبول احمد | جناب سید رئیس احمد جعفری |

| | | |
|---|---|---|
| مولوی اسدالحق | سید محمد ابراہیم رضویؔ خیرآبادی | سید عقیل احمد جعفری |
| حضرت ریاض احمد ریاضؔ | سید محمد عسکری وسیمؔ | مولوی محمد صالح |
| حافظ محمد خیرآبادی | مہشیری پرشاد شاد | حکیم محمود علی |
| مولوی مسعود علی محویؔ | حکیم افتخار حسین مضطرؔ | ماسٹر الطاف حسین شوق |
| منشی سوز بخش بخشیؔ | منشی پورن چند انتظارؔ | منشی مولچند اثرؔ |
| منشی نذر محمد خان اخترؔ | علامہ تراب علی نامیؔ | رام سہائے تمناؔ |
| مولوی خلیل الدین اشکؔ | زہرہ و مشتری | متولی محمد جعفر مہری |
| محمد حسین بسملؔ خیرآبادی | قمری جان | |

**مصنفین لاہر پور:۔**

یہاں عادلؔ خیرآباد سے تعلق رکھنے والے درج ذیل فضلاء کرام اوران کی کتب کی فہرست مختصر تعارف کے ساتھ درج کی گئی ہے۔(ہرنام کے ساتھ لاہر پوری لکھا گیا ہے۔)

| | | |
|---|---|---|
| مولانا شیخ احمد علی حسامی صدیقی | مولانا سید شمس الدین ترمذی | حاجی مولوی ظہور احمد فاروقی |
| مولوی قدرت علی عباسی | مولوی محمد افضل | مولوی محمد عظیم الدین خان |
| مولوی مخدوم بخش حسامی صدیقی | مولانا محمد رضا | مولوی شاہ محمد عبدالمجید خان چشتی |
| شاہ عبدالرحمٰن قلندر ثانی | سید العرفا حضرت شاہ مجتبیٰ | راجہ ٹوڈرمل |

**مصنفین بسوان:۔**

اس عنوان کے تحت عادلؔ نے صرف قاضی عزیز الدین عزیزؔ بسوانی کے حالات اور کتب کی فہرست دی ہے۔

**مصنفین ومولفین محمود آباد:۔**

اس باب کی ابتداء میں عادلؔ نے ریاست محمود آباد کی ادب پروری اور والیان ریاست کی علمی وادبی شخصیات کے ساتھ فیاضانہ سلوک اور علمی وادبی ماحول کو تفصیل سے پیش کیا ہے علاوہ ازیں ریاست محمود آباد کی جانب سے فروغِ اُردو کے سلسلے میں کی گئی کاوشوں کا ذکر کیا گیا ہے۔اس کے بعد محمود آباد کے اہل علم کی فہرست اوران کے ادبی کارناموں کا ذکر کیا ہے۔فہرست یہ ہے:۔(ہرنام کے ساتھ محمود آبادی تحریر کیا گیا ہے)

| | | |
|---|---|---|
| راجہ نواب علی خان بہادر | راجہ امیر حسن خان | مولوی سید حسین |

| | | |
|---|---|---|
| راجہ محمد علی خان | سید محمد میر المعروف رمال | راجہ امیر احمد خان |
| راجہ محمد امیر حیدر خان | مرزا ابوالحسن احسن | سید احمد رضا، رضا |
| سید علی حسن | منشی عنایت حسین | مولوی تفضل حسین رضوی |
| سید علی حسین وحشی | مرزا کاظم حسن | حکیم یوسف علی |
| حافظ علی بیکس | مولوی عاشق علی | منشی خادم حسین |
| حکیم امر علی | مولوی محمد بخش | حافظ و مولانا محمد اسمعیل |
| مولانا سید سلطان علی | مولوی سید علی | واحد علی واحد |
| نواب حسن کاظمی | مرزا ارشاد علی بیگ کیف | عابد حسین حلم |
| محمد جعفر، جعفر | حکیم مسعود حسین | منشی واجد علی خان کمبوہ |
| سید کرار حسین کرار | گوری شنکر محمود آبادی | ماسٹر شیام بہاری لال |
| برہمچاری شری بھگوان ساگر جی | انوپ شرما | سید مبارک حسین ڈیوٹ |
| ماسٹر ہردیال سنگھ محمود آبادی | منا بھشتی | مرتضی حسین |
| منشی علی رضا | صوفی طہور احمد صوفی | پروفیسر بابو کیدار ناتھ |
| منشی بشو ناتھ | محمد حسین سوز خواں | مرزا ساجد حسین |
| محمد امیر محمد خان | نند کشور شاکر | ماسٹر سید حسین صاحب کاظمی |
| علی مہدی | سید ہادی حسن | میر ممتاز حسین عاکف |
| سید علی حسن وحشی محمود آبادی | حافظ علی بیکس | سرتاج عالم عرف شکیل احمد شکیل |
| شیخ محمد جعفر منظر | مرزا عابد حسین | علی صفدر صفدر |

اس باب میں ان کتب کی فہرست بھی شامل کی گئی ہے جن کا سیتاپور سے تعلق نہیں تھا لیکن سیتاپور سے تعلق رکھنے والے افراد اور اداروں کے تعاون سے شایع ہوئیں۔

**مصنفین و مولفین بسوان:۔**

اس حصے میں ''بسوان'' سے تعلق رکھنے والے درج ذیل ادیبوں کی فہرستِ کتب مختصر تعارف کے ساتھ درج کی گئی ہے۔ (ہر نام کے ساتھ بسوانی لکھا گیا ہے)

| | | |
|---|---|---|
| فدا علی عیش | شیخ فدا حسین عیش قرشی | شیخ تجمل حسین |
| شیخ بادشاہ حسین | حکیم افتخار علی جگر | منشی سوامیش پال |

| | | |
|---|---|---|
| خلیل الرحمٰن خلیلؔ | شیخ محمد عالی جاہ فضاؔ | قاضی عزیز الدین عزیزؔ |
| ماسٹر باسط علی باسط | راجہ مہیشر و مال | منشی نند کشورؔ |
| منشی ریوتی رام | احمد رشید الحق کوثرؔ | حکیم سید امیر حسین ضبطؔ |
| داتا یادت دوجندر جی | پروفیسر ڈاکٹر پتولال شکل | ڈاکٹر جانکی ناتھ مونج |

**مصنفین و مولفین تحصیل مصر کھ وغیرہ:۔**

اس عنوان کے تحت عادلؔ نے ہرگام، مصر کھ، سدھولی، باڑی اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے درج ذیل ادباء کی کتب کی فہرست اور ان کا مختصر تعارف پیش کیا ہے۔

**ہرگام:۔**

| | | |
|---|---|---|
| ملا ابالوعظ عمری ہرگامی | ملا محمد صالح عمری ہرگامی | ملا سید احمد عرف الہدیہ ترمذی |
| ملا سید غلام احمد ترمذی | مولوی سید امجد علی ترمذی ہرگامی | ملا سید معز الدین حسینی |
| ملا سید حامد ترمذی ہرگامی | ملا سید فضل علی میاں ہرگامی | حاجی مولوی مظہر علی شربت پوری |
| ملا عبد الواحد عمری ہرگامی | ملا سید عصمت اللہ ترمذی ہرگامی | |

**مصر کھ:۔**

| | | |
|---|---|---|
| سید افضل حسین نقوی | مولوی قاضی منشی سید ابرار حسین جعفری حنفی | حکیم حافظ محمد حسین خان |
| عمران احمد | مرزا اصغر علی بیگ | بیاس جی |
| سید محمد اطہر زیدی | مولانا مولوی شاہ محمد عبد المجید | شیخ بادشاہ حسین خانصاحب |
| چھیدا شاہ | مقصود علی شاہ ماتا پور | مولوی نیاز احمد |
| شہیر الحسن لاہر پوری | مولانا محمد اسمعیل تمبوری نقشبندی | چودھری منشی بابورام شیداؔ |
| مقبول حسین مقبولؔ | حافظ مولانا محمد عباس عباسؔ بانسرہ | حکیم سراج الحق اڈیٹر رسالہ سخن و دلگداز لکھنو |
| پروفیسر بابو گور چرن لال شیدا | گوہر علی مشیرؔ | منشی اودھ بہاری لال ثمرؔ |
| منشی لکھپت رائے سیر | چودھری جگت موہن رواںؔ | منشی سلیک چند افسرؔ |
| محمد اصغر منظرؔ | حاجی عباس حسین | مسماۃ رابعہ سلطانہ بیگم |
| دویادلاس مصرا | پروفیسر سریندر شکل | انوپ شرما |
| مولوی مظہر علی | بسنت رائے | رگھو ناتھ داس |

| | | |
|---|---|---|
| نروتم داس | راجہ ٹوڈرمل | تیج رام |
| دوج راج جی گندھولی | دوج بالا دیو | رام چندر نکھ سکھ |
| لیکھ راج گندھیلا | براج راج | بلھدر پرشاد وکھشت بدھس |
| کرشن دت ترومدی | رابعہ سلطانہ بابو پور | سریندر کمار پی ایچ ڈی |
| پنڈت رام نرائن پانڈے | دھرم بابو | پروفیسر بابو ایشور بادی لال |

**شعرائے سیتاپور:۔**

اس باب میں شعرائے سیتاپور کے نام، مختصر تعارف اور کلام سے انتخاب شامل کیا گیا ہے ساتھ ہی سیتاپور کی شاعری کا مجموعی تعارف بھی پیش کیا ہے۔ اس باب کی ابتداء میں عادلؔ نے مختلف ماخذات کے ذریعے واضح کیا ہے کہ اردو کی ابتدا میں سیتاپور کے ادبا و شعرا کا بھی اہم کردار ہے۔ خاص طور پر اس حوالے سے راجہ ٹوڈرمل کے کردار اور اُس کی اُردو خدمات پر تفصیلی بحث کی ہے۔ کئی شعرا کی تصاویر بھی چسپاں کی گئی ہیں۔ جن شعرا کا تذکرہ اس باب میں موجود ہے ان کی فہرست درج ذیل ہے۔ (ہر نام کے ساتھ سیتاپوری لکھا گیا ہے)

| | | |
|---|---|---|
| قاضی سمیع عبداللہ رضویؔ | سید مقرب حسین مقربؔ | مولوی شیخ اکرام علی |
| سید محمد آصف مشہدیؔ | حکیم مفتی سید اولاد علی جریحؔ | مولوی مشرف علی |
| سید کاظم علی | سید نیاز حسین نیازؔ | حکیم سید طاہر علی |
| مولوی سید امتیاز علی مخزونؔ | سید کاظم حسین وفا | میر مبارک علی مضطرؔ |
| سید مہربان علی | استاد منشی سید امیر علی | سید ظل حسین مضطرؔ |
| ناظر عشق علی | سید ولایت حسین ربط | سید زین العابدین ضبط |
| میرزا ہد علی | مولوی سید کرامت علی احقرؔ | سید ناظم حسین ناظمؔ |
| منشی سید امیر حیدر | سید محمد حسین محبؔ | میر گلزار حسین ارمؔ |
| انجمن آراء عرف انجو | شیخ نثار علی نثارؔ | سید ریاض حیدر ریاضؔ |
| منشی حسن رضا ادیبؔ | مولوی نثار حسین زائرؔ | سید اکرام حسین ملالؔ |
| نوروز علی نوروزؔ | سید احمد شریف گہرؔ | میر ظہور الحسن فروغؔ |
| حکیم نہال حسین نہالؔ | امیر حسن خان سیتاپوری | سید احمد حسن ہاتفؔ |
| بہاری لال چمنؔ | سید محمد شبیر شبیرؔ | میر ناظر حسین ناظر وکیل |

| | | |
|---|---|---|
| میر محمد افضل فارغ | سید حیدر عباس بھیا | منور علی اشیر |
| بابو اقبال ساور سنہا طالب | شیخ علی نقی عابد | شیخ مولا بخش مولا |
| حکیم انوار علی انور | سید محمد عالم رضوی جوکھم | سید شفیع الحسن شفیع |
| شیخ علی محمد رئیس نظم | شیخ نظر حسین نظر | ماسٹر سید رضی احمد رضی |
| سید مظفر حسین وکیل انجم | سید مقبل حسین ولی | سید وکیل احمد وکیل |
| منشی ناظر حسین ناظر | سید محمد ناظر حسین ناظر | منشی محمد احمد حریق |
| سید محمد احمد حریق و یکتا | سید محمد نذیر آزاد | مرزا احمد حسین یاس |
| سید ابوالحسن بیدل | مولوی نیاز احمد نامی | سید فدا حسین اثر |
| منشی علی رضا رضا | مولوی افضال حسین نجم | قاضی سید محمد محسن وفا |
| مولوی میر نوروز علی عاشق | سید محمد باقر عاجز | قاضی سید محمد وصی وصی |
| آغا محمد مرزا شاطر | سید محمد وجیہ | قاضی سید محمد تقی عاتف |
| ڈاکٹر سید محمد اظہر نادم | سید محمد اطہر زائر | سید محمد حیدر اسد |
| سید محمد اکبر عادل رضوی عادل | مرزا امراؤ بیگ عشق چغتائی | شیخ رحم علی ششدر |
| سید محمد جعفر رضوی شعاع | سید محمد جعفر رضوی جعفر | بابو شیام سندر لال برق |
| بابو سکھ دیو پرشاد بیتاب | حکیم سید آفاق حسین بیدار | منشی ولی الدین ولی |
| سید عزیز الحسن عزیز | حافظ محمد بخش غریق | سید ضمیر احمد ضمیر |
| محمد اختر اختر | منشی ممتاز حسن اخضر | سید عتیق احمد عتیق |
| مشتاق احمد مشتاق | محمد میر منیر | وجاہت حسین صدیقی انجام |
| ابوالحسن نجمی | ہر پرشاد جوہری سید سرور حسین سرور | میر وجاہت حسین رمز |
| سید محمد صفدر آہ | سید نذیر حیدر نذیر | مولوی غلام عباس خوشتر |
| سید ولایت احمد شربت پور احمد | سید اشتیاق علی باڑی احمر | شیخ اختر حسین اختر |
| سید اشفاق حسین اشتیاق | سید اظہار الحسن اظہار | سید محمد صابر بیدل |
| شیخ شعبان علی جاہل | آغا محمد محسن جنون | قاضی سید محمد کاظم حشر |
| سید ظفر عباس حشم | سید خلیل احمد خلیل | مرزا جواد حسین سحاب |
| سید جاوید اصغر شائق | حکیم مفتی سید محمد شریف طالب | سید عاشق حسین عاشق |

| | | |
|---|---|---|
| سید علی احمد سید | قاضی سید محمد عابد عقیل | سید محمد ذاکر فائق |
